سوال

(396)اگر کوئی ہمیشہ کےلیے بیوی کواپنےاوپر حرام کرلے

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے اپنی بیوی س کہا،جب تک میں زندہ ہوں تو مجھ پر حرام ہے تواس کاکیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمدللہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ ظہار ہے اورآپ کی بیوی آپ کی عصمت میں ہی ہے لیکن آپ اس کے قریب نہیں جاسکتے جب تک آپ ظہار کاکفارہ نہ اداکرلیں اوروہ ہے ایک مومن غلام آزادکرنا،اگراس کی طاقت نہ ہوتوپے درپے دوماہ کے روزے رکھنا اوراگراس کی بھی طاقت نہ ہوتوساٹھ مساکین کوکھانا کھلانا۔اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔(شیخ محمد آل شیخ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص481

محدث فتویٰ